[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015*

**WHEAREAS,** it is expedient further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of section 2, Act X of 2015.-** In the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), hereinafter referred to as "the said Act", in section 2, in sub-section (1), after clause (e), the following new clause (ea) shall be inserted, namely:-

"(ea) "businessman" means a person who owns, establishes and engages for last three years in any trade, commerce, manufacture or concern having valid certificate of filing tax returns of last three years, but does not include employment in such business;".

**3. Amendment of section 15, Act X of 2015.-** In the said Act, in section 15, for sub-sections (2) and (3), the following shall be substituted, namely:-

"(2) Save as otherwise provided, the general members of the Union Council shall elect through secret ballot one woman, one peasant or worker or businessman or technocrat, one youth member and one non-Muslim member as mentioned at clauses (iii) to (vi) of section 11, in line with election programme issued by the Election Commission.

(3) After completing the process of election under sub-section (2), the Election Commission shall issue an election programme to elect the Chairman and Vice Chairman as joint candidate through secret ballot. The Electoral College for election of the Chairman and Vice Chairman as joint candidate shall be members mentioned at clauses (ii) to (vi) of section 11:

Provided further that for the purposes of conduct of elections under sub-sections (2) and (3), the Election Commission shall appoint a returning officer or presiding officer, as the case may be.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The brief facts leading to the amendments in Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 are that Islamabad Capital Territory Local Government Act was promulgated in 2015 to establish an elected Local Government System. The term of Local Government of ICT expired on 14.02.2021. In order to complete necessary arrangements for conduct of Local Government Elections in Islamabad and on the directions of Election Commission of Pakistan, this Ministry processed a draft Bill for amendment in Section 17(3) of ICT Local Government Act, 2015 for replacement of the words " Representation of the Peoples Act, 1976 (LXXXV of 1976)" with " Elections Act, 2017 "

2. Accordingly, the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2024 received the assent of President of Pakistan on 29th August, 2024 and was published in the Gazette of Pakistan as an Act No.XVIII of 2024 on 30th August, 2024. Through this enactment, the Parliament, in addition to the proposed amendment in Section 17, made further amendments in Section 7, Section 11, Section 12 and Section 15 of the ICT Local Government (Amendment) Act, 2024 with an aim to effectively execute the true concept of Local Government.

3. In a meeting held in Election Commission of Pakistan on 11th September, 2024 regarding conduct of Local Government Elections in Islamabad Capital Territory, the amendments made by the Parliament through the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2024 were discussed in detail and it was decided that consequential amendments will be required in ICT Local Government Act, 2015 and Rules made thereunder.

4. Hence, amendments in Section 2 and Section 15 of ICT Local Government Act,2015 have been proposed through the subject amendment Bill. Through amendment in Section 2, definition of word 'businessman' is being proposed to be inserted. The amendments in Section 15 have been proposed to include due role of ECP in Election process in line with the provisions of Constitution of Pakistan and Elections Act, 2017 and to specify mode of Election of Chairman and Vice Chairman of Union Council, i.e. through secret ballot.

(Syed Mohsin Raza Naqvi)
Minister for Interior

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# اسلام آباد دارالحکومت مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ یہ کہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں اسلام آباد دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں، جس کا حوالہ ''مذکورہ ایکٹ'' کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۲ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (ہ) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (ہ الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**''(ہ الف)** ''کاروباری شخص'' سے ایسا شخص مراد ہے جو گزشتہ تین سالوں سے کسی بھی تجارت، سوداگری، صنعت یا کاروبار میں ملکیت رکھتا ہو، قائم رکھتا ہو اور اس میں مصروف عمل رہتا ہو جو گزشتہ تین سالوں کے ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کا جائز سرٹیفکیٹ رکھتا ہو، لیکن اس میں ایسے کاروبار میں ملازمت شامل نہیں ہے؛''۔

۳۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۱۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۵ کی، ذیلی دفعات (۲) اور (۳) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(۲) بجز اس کے کہ بصورت دیگر مذکورہ ہو، یونین کونسل کے عام اراکین میں ایک خاتون، ایک کسان یا کارکن یا کاروباری یا ٹیکنوکریٹ، ایک نوجوان رکن اور ایک غیر مسلم رکن خفیہ رائے دہی کے ذریعے منتخب ہوں گے جیسا کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ انتخابی پروگرام کے مطابق، دفعہ ۱۱ کی شقات (سوم) تا (چہارم) میں بیان کیا گیا ہے۔

(۳) ذیلی دفعہ (۲) کے تحت انتخابی عمل مکمل ہونے کے بعد، الیکشن کمیشن مشترکہ امیدوار کے طور پر، چیئرمین اور وائس چیئرمین خفیہ رائے دہی کے ذریعے منتخب کرنے کے لیے انتخابی پروگرام جاری کرے گا۔ مشترکہ امیدوار کے طور پر، چیئرمین اور وائس چیئرمین کا انتخاب کرنے کے لیے انتخابی کالج دفعہ ۱۱ کی شقات (دوم) تا (ششم) میں مذکورہ اراکین ہوں گے:

مگر شرط یہ ہے کہ ذیلی دفعات (۲) اور (۳) کے تحت انتخابات کے انعقاد کی اغراض کے لیے، الیکشن کمیشن ریٹرننگ افسر یا پریزائیڈنگ افسر، جیسی بھی صورت ہو، کا تقرر کرے گا''۔

# حکومت پاکستان

## وزارت داخلہ

*****

## بیان اغراض ووجوہ

دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں ترامیم کے پس منظر میں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ ایک منتخب کردہ مقامی حکومت کے نظام کو قائم کرنے کے لیے ۲۰۱۵ء میں نافذ کیا گیا۔ ICT کے مقامی حکومت کی مدت ۲۰۲۱۔۰۲۔۱۴ میں ختم ہوگی۔ اسلام آباد میں مقامی حکومت انتخابات کے انعقاد کے لیے ضروری انتظامات مکمل کرنے اور الیکشن کمیشن پاکستان کی ہدایت پر، اس وزارت نے ICT مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۱۷(۳) میں ترمیم کرنے کے لیے مسودہ بل تیار کیا ہے تاکہ الفاظ ''عوامی نمائندگان ایکٹ، ۱۹۷۶ء (۲۵ بابت ۱۹۷۶ء)'' کو ''انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء سے تبدیل کیا جا سکے۔''

۲۔ چنانچہ، دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کو صدر مملکت پاکستان کی منظوری ۲۹ اگست، ۲۰۲۴ کو موصول ہوئی اور اسے ۳۰ اگست ۲۰۲۴ء کو (ایکٹ نمبر ۱۸ بابت ۲۰۲۴ء) کے طور پر سرکاری جریدے میں شائع کیا گیا۔ اس وضع شدہ قانون کے ذریعے، پارلیمنٹ نے، ICT مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کی دفعہ ۱۷ میں مجوزہ ترامیم میں اضافہ کرتے ہوئے، دفعہ ۷، دفعہ ۱۱، دفعہ ۱۲ اور دفعہ ۱۵ میں مزید ترامیم کیں تاکہ مقامی حکومت کے اصل تصور کو مؤثر انداز میں نافذ کیا جا سکے۔

۳۔ دارالحکومت اسلام آباد میں مقامی حکومت کے انتخابات کے انعقاد سے متعلق ۱۱ ستمبر، ۲۰۲۴ء کو الیکشن کمیشن پاکستان میں منعقدہ اجلاس میں، دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے حوالے سے

پارلیمنٹ کی جانب سے کی گئی ترامیم پر تفصیل سے بات چیت ہوئی اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ ICT مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد میں نتیجتاً ترامیم درکار ہوں گی۔

۴۔ لہٰذا، ICT مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء کی دفعہ ۲ اور دفعہ ۱۵ میں ترامیم مذکورہ ترمیمی بل کے ذریعے تجویز کی گئی ہیں۔ دفعہ ۲ میں ترمیم کے ذریعے لفظ ''کاروباری شخص'' کی تعریف کو کوشامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ دفعہ ۱۵ میں ترامیم دستور پاکستان اور انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے احکامات کی مطابقت میں اور یونین کونسل کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے انتخابات کا طریقہ کار جو کہ خفیہ رائے دہی کے ذریعے ہوگا کی صراحت کرنے کے لیے انتخابی عمل میں ECP کے مؤثر کردار کو شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

(سید محسن رضا نقوی)

وزیر داخلہ